


विद्यया ऽमृतमश्नुते

एन सी ई आर टी
NCERT

نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ
NATIONAL COUNCIL OF EDUCATIONAL RESEARCH AND TRAINING

# میں تو جاؤں بال واٹیکا




میں تو جاؤں بال واٹیکا،
ہم سب جائیں بال واٹیکا،
بال واٹیکا، بال واٹیکا، بال واٹیکا،
ہو! ہو! ہو!

بستہ بھی نہیں ہے،
کتابیں بھی نہیں ہیں،
تو پھر کیا ہے؟

طرح طرح کے کھیل ہیں
کھیل کھیل میں پڑھنا ہے
ایسی ہماری بال واٹیکا
موج بھری ہے بال واٹیکا
بال واٹیکا، بال واٹیکا، بال واٹیکا
ہو! ہو! ہو!

# پیش لفظ

بچوں کی تشکیلی عمر میں ایک متعینہ عمل کے ذریعے تربیت دینا ہندوستان کی ایک شاندار روایت کا حصہ ہے، اسے عام طور پر سنسکار کہا جاتا ہے۔ ایک نسل سے دوسری نسل کو منتقل ہونے والے یہ سنسکار اس مناسب نگہداشت کے لیے راستہ ہموار کرتے ہیں جو بچوں کی زندگی کے ابتدائی آٹھ برسوں میں کی جاتی ہے تاکہ ان کی افزائش، رویہ اور بعد کے برسوں میں ان کی صلاحیتیں مطلوبہ انداز میں تشکیل پا سکیں۔

اسی بات کو مد نظر رکھتے ہوئے قومی تعلیمی پالیسی 2020 میں بچوں کی عمر کے ابتدائی پانچ برسوں (3 سے 8 برس کے بچوں) کو اسکولی تعلیم کے دائرے میں لانے کی سفارش کی گئی ہے۔ کسی فرد کی طول حیاتی تعلیم، سماجی اور جذباتی رو اور مجموعی صحت کا انحصار عمر کے اسی مرحلے پر ہے۔ علاوہ ازیں بچے کی خواندگی، اعداد شناسی اور ادراکی دائروں میں تخلیقی اور جمالیاتی حساسیت، اپنی عضویاتی اور جسمانی حرکی مہارتوں (Motor Skills) کی نشو و نما کے لیے سرگرم تعاون کی متقاضی ہے۔ پالیسی اس عمر کے لیے ایک خصوصی قومی درسیات کے خاکے کی سفارش کرتی ہے، جو نہ صرف اساسی مرحلے میں اعلیٰ درجے کی تعلیم مہیا کرنے، بلکہ اس توانائی کو اسکولی تعلیم کے اگلے تک آگے بڑھانے کے لیے بھی پورے نظام تعلیم کی رہنمائی کرے۔

قومی درسیات کا خاکہ برائے اساسی سطح (NCF-FS) سفارش کرتا ہے کہ بچپن کی نگہداشت اور تعلیم کی جڑیں ہندوستان کی تہذیب و ثقافت میں پیوست ہوں۔ یہ ایک بچے کے گھریلو تجربات کو اسکول کے ماحول میں پروان چڑھنے والے علم، مہارتوں اور رویوں سے ہم آہنگ کرنے پر بھی توجہ دیتا ہے۔ یہ کتاب آموزش کے مروجہ نظام سے زیادہ مانوس اور پر لطف استعداد پر مبنی نظام تعلیم کی طرف بڑھنے کے عمل کو ظاہر کرتا ہے، جہاں اس نظام میں بچوں کا کرنا اور اس سے سیکھنا زیادہ اہمیت اختیار کر لیتا ہے۔

اس سفارش کے مد نظر اساسی سطح کے لیے نصاب کو کرشن یجر وید کے تیتریہ سمہتا کے ایک حصے تیتریہ اپنشد میں تشریح کردہ پنچ کوشی وکاس (انسانی شخصیت کے پانچ پہلوؤں کی نشو و نما) کو تصوراتی بنیادوں سے مربوط کیا گیا ہے، تاکہ فرد ''نفس'' کو زندگی کا حتمی ہدف سمجھنے لگے، اور اس کے ذریعے بھارت کی شاندار تہذیبی حکمت کا فرد کی مجموعی نشو و نما کے معاصر نظریے کے ساتھ دوستانہ امتزاج یقینی بن سکے۔

اس سعی کی کامیابی واضح طور پر ان اقدامات پر منحصر ہے جو مناسب استعدادات کو پروان چڑھانے کی غرض سے آنگن واڑیاں، اسکول اور متعلقہ ادارے کو بچوں کی حوصلہ افزائی کے لیے انجام دیں گے۔ اس ہدف کے حصول کے لیے مطبوعہ اور آن لائن سفارش کردہ درسیات کی ویب سائٹس پر موجود مختلف آموزشی اور تدریسی مواد کو استعمال کیے جانے کی ضرورت ہے۔ والدین کو بھی آنگن واڑیوں، اسکولوں اور متعلقہ اداروں کی محتاط رہنمائی میں یہی کام کرنا چاہیے۔

نصاب کی تیاری کرنے والوں نے آموزش کے تمام پانچ برسوں میں ایک ترتیب کے ساتھ نکھاری جانے والی مختلف استعدادات کو ترتیب دینے کے لیے اہم کردار ادا کیا ہے۔ ایسا کرتے وقت انھوں نے مواد کے بوجھ سے متعلق مسئلے کو بھی پیش نظر رکھا ہے۔ انھوں نے یہ کام بنیادی تعلیم کے مختلف مراحل میں آموزش کی نئی ترتیب اور نئی سمت بندی کے ذریعے انجام دیا ہے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے بچے کی نفسیات اور مختلف ماحول میں آموزش و تدریس کے لیے دستیاب وقت پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔

بال واٹیکا کے بچوں کے لیے تیار کی گئی سر گرمیاں قومی تعلیمی پالیسی 2020 کے تناظرات کی روشنی میں مرتب کی گئی ہیں اور اس میں پر کشش، سادہ اور دل چسپ انداز میں استعداد پر مبنی ورک شیٹس مہیا کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس سر گرمی کی کتاب کو شمولیت پر مبنی بنانے کی کوشش کی گئی ہے، اس میں ہماری سماجی اور ثقافتی بنیادوں کا بھی خیال رکھا گیا ہے، یہ کتاب معلّمین کو بچوں کے سامنے چیزوں کو سیکھنے اور انجام دینے کے لیے اپنی تخلیقیت کو ظاہر کرنے کے کافی مواقع فراہم کرتی ہے۔ یہ کتاب فنون اور دستکاری کو مربوط کرتی ہے جن کے ذریعے معلّمین بچوں کو باخبر بناتے ہیں اور ان کاموں میں مضمر جمالیاتی حس کی تحسین کے لیے تحریک دیتے ہیں۔ ان کے اپنے سیاق وسباق میں مضمر تصورات کو آسانی کے ساتھ بروئے کار لانے کے لیے یہ سر گرمیاں بچوں میں صورت حال کا شعور پیدا کرتی ہیں۔ اپنے مواد کے اعتبار سے یہ کتاب زرخیز ہے، متنوع تجربات مہیا کرتے ہوئے کھلونوں اور کھیلوں کے ذریعے آموزش کے پر لطف طریقے کو دیگر متنوع سر گرمیوں سے ہم آہنگ کرتی ہے اور ایسے سوالات پیش کرتی ہے جس سے بچوں میں تنقیدی فکر کے ساتھ ساتھ مسئلے کو حل کرنے کی صلاحیت پروان چڑھے۔ اس کے علاوہ بچوں میں ماحولیات کے تئیں ضروری حساسیت پیدا کرنے کے لیے اس کتاب میں وافر مواد اور سر گرمیاں شامل کی گئی ہیں۔ مزید بر آں یہ کتاب ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو کافی گنجائش فراہم کرتی ہے کہ وہ آموزش وتدریس کے مواد میں علاقائی نقطۂ نظر سے قومی تعلیمی پالیسی 2020 کی سفارشات کی بنیاد پر تیار کردہ مشمولات کا اضافہ کر سکیں۔

اس نصاب اور بنیادی مراحل کے لیے آموزش وتدریس کے مواد تیار کرنے کے لیے بنائی گئی کمیٹی کی محنت قابل قدر ہے۔ وقت کے اندر کام کی قابل ستائش تکمیل کے لیے ہم اس کمیٹی کی چیئر پرسن پروفیسر ششی کلا ونجاری اور دیگر ممبران کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ ہم ان تمام اداروں اور تنظیموں کے بھی ممنون ہیں جنھوں نے اس کام کو ممکن بنانے کے لیے فراخدلانہ تعاون پیش کیا۔ ہم نیشنل اسٹیرنگ کمیٹی کے چیئر پرسن ڈاکٹر کے کستوری رنگن اور اس کے دیگر ممبران کے علاوہ مینڈیٹ گروپ اور ریویو کمیٹی کے بھی شکر گزار ہیں جنھوں نے بروقت اپنے قابل قدر مشوروں سے نوازا جو اس کتاب کی خاکہ سازی اور تیاری میں بہت اہم رہے ہیں۔

ہندوستان کی اسکولی تعلیم میں اصلاحات کرنے اور آموزش وتدریس کے لیے تیار کیے جانے والے تمام مواد کے معیار میں مسلسل اضافہ کرنے کے لیے عہد بستہ ادارے کی حیثیت سے، این سی ای آر ٹی تمام متعلقہ افراد کی جانب سے تنقیدی تبصروں اور مشوروں کی توقع کرتی ہے، تاکہ ان نصابی کتابوں میں مزید اصلاح کی جاسکے۔

دنیش پرساد سکلانی
ڈائریکٹر
نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ

27 جنوری 2023
نئی دہلی

# تشکیلی کمیٹی برائے درسی کتاب

**صلاح کار**

دنیش پرساد سکلانی، ڈائریکٹر، این سی ای آر ٹی، نئ دہلی

**رہنمائی**

ششی کلاونجاری، سابق وائس چانسلر، ایس این ڈی ٹی ویمن یونیورسٹی، ممبئی، مہاراشٹر اور چیئرپرسن، تشکیلی کمیٹی برائے درسیات و نصابی کتب

سنیتی سنوال، ہیڈ، ڈی ای ای، این سی ای آر ٹی اور ممبر کنوینر، تشکیلی کمیٹی برائے، درسیات نصابی کتب

**معاونین**

بھرت دھونکای، ڈائریکٹر، ودیا پیٹھ، گاندھی دھام، گجرات

دویانشی بھائی دوے، ڈی جی، وائس وی، سی چلڈرنس یونیورسٹی، گاندھی نگر، گجرات

رومیلا سونی، ایسوسی ایٹ پروفیسر، ڈی ای ای، این سی ای آر ٹی، نئ دہلی

**مبصرین**

ایم سی، پنت، پروفیسراورچانسلر، این آئی ای پی اے، نئ دہلی

سنیتی سنوال، ہیڈ، ڈی ای ای، این سی ای آرٹی، ممبر کنوینز تشکیلی کمیٹی برائے، درسیات و نصابی کتب

کے میوری، پروفیسر (ریٹائرڈ)، ہیومن ڈیولپمنٹ اینڈ فیملی اسٹڈیز، کالج آف کمیونٹی سائنس، پی جے ٹی ایس اے یو، حیدرآباد

ریتا سوناوت، سابق ڈین، فیکلٹی آف ہوم سائنس، ایس این ڈی ٹی وومنس یونیورسٹی، ممبئی، مہاراشٹر

جوبی بالا کرشنن، پرائمری ٹیچر، کیرالا

انوپ راجپوت، ہیڈ، پبلی کیشن ڈویزن، این سی ای آرٹی، نئ دہلی

پدما یادو، پروفیسر، ڈی ای ای، این سی ای آرٹی، نئ دہلی

رنجنا اروڑا، ہیڈ، ڈپارٹمنٹ آف کری کولم اسٹڈیز، این سی ای آر ٹی، نئ دہلی

جیوتسنا تیواری، ہیڈ، ڈپارٹمنٹ آف جینڈر اسٹڈیز، این سی ای آر ٹی، نئ دہلی

بھارتی کوشک، ایسوسی ایٹ پروفیسراینڈ ہیڈ، ڈی آئی سی ٹی اینڈ ٹی، سی آئی ای ٹی، این سی ای آرٹی، نئ دہلی

**ممبر کوآرڈی نیٹر**

رومیلا سونی، ایسوسی ایٹ پروفیسر، ڈی ای ای، این سی ای آرٹی، نئ دہلی

# اظہار تشکر

نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ (این سی ای آر ٹی) نیشنل اسٹیرنگ کمیٹی (این ایس سی) کے چیئر پرسن اور دیگر اراکین نیز مینڈیٹ گروپ کے اراکین کے تعاون اور رہنمائی کا اعتراف کرتی ہے۔

کونسل نصابی اور ایل ٹی ایم کمیٹی کی چیئر پرسن اور ممبران کی جانب سے مسلسل تعاون کی بے حد ممنون ہے۔

کونسل، ''آنند سرگرمیاں برائے بال واٹیکا'' کی تیاری میں موشمی بوس، سابق ہیڈ مسٹریس، سلوان پبلک اسکول، گڑگاؤں اور مونیکا سودھی، کوآرڈی نیٹر، جونیر اسکول ایچ ڈی ایف سی، گڑگاؤں کے تعاون کا بھی اعتراف کرتی ہے۔

کونسل اس کی کتاب کی تکمیل میں دیکشا دیوان، اکیڈمک صلاح کار، ڈی ای ای، این سی ای آر ٹی اور امن دیپ کور، پی ایچ ڈی اسکالر اور انٹرن، دہلی یونیورسٹی کے تعاون کا اعتراف کرتی ہے۔

کونسل اس کتاب کے اردو ترجمے کے لیے منعقدہ ورک شاپوں کے شرکا سہیل احمد فاروقی، ریٹائیرڈ ایسوی ایٹ پروفیسر، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی، شباہت حسین، پی جی ٹی (سائنس) ذاکر حسین میوریل سینئر سکنڈری اسکول، نئی دہلی، افتخار علی، نئی دہلی، وسیم احمد، نئی دہلی ارشد کوثر، نئی دہلی، حفظ الرحمان قاسمی، نئی دہلی، محمد علیم اللہ، نئی دہلی، فرقان احمد، نئی دہلی، نایاب حسین، نئی دہلی، قمرالدین، نئی دہلی، عبدالباری، نئی دہلی، کی تہہ دل سے شکر گزار ہے۔

تدوین

کونسل راجیو پھوجا، گرافک ڈیزائنر؛ محمد رقیب، رنگ فنکار؛ روبینہ انصاری، گرافک فنکار؛ سائنا انصاری، پنسل فنکار؛ طیب احمد، اسسٹنٹ ایڈیٹر، این سی ای آر ٹی؛ احتشام الحق، ایڈیٹوریل اسسٹنٹ، این سی ای آر ٹی؛ چنچل چوہان، اسسٹنٹ ایڈیٹر، این سی ای آر ٹی؛ سچن تنور، ڈی ٹی پی آپریٹر، این سی ای آر ٹی؛ وویک منڈل، گرافک ڈیزائنر، این سی ای آر ٹی؛ چنچل رانی، ایل ڈی سی، ڈی ای ای، این سی ای آر ٹی؛ ابھیشیک پانڈے، ٹائپسٹ، ڈی ای ای، این سی ای آر ٹی؛ پون کمار، ڈی ٹی پی آپریٹر، ڈی ای این سی ای آر ٹی کی شکر گزار ہے۔

پبلی کیشن ڈویژن، این سی ای آر ٹی کی مساعی بھی قابل اعتراف وتحسین ہے۔

# کتاب کے بارے میں

3 سے 8 برس کی عمر کے بچوں پر مشتمل اساسی مرحلہ نہایت اہم ہے، یہ وہ عمر ہے جب بچے کی زندگی میں اس کا نوخیز دماغ عمر کے دوسرے ادوار کے مقابلے کہیں زیادہ تیزی سے نشو و نما کرتا ہے۔ صحت مند دماغ کی نشو و نما کے لیے بچوں کو مثبت تعلیمی تجربات کی ضرورت ہوتی ہے جو نشو و نما کے تمام پہلوؤں کا احاطہ کرتے ہوں۔ مثبت اور منصوبہ بند تجربات بچوں کی مستقبل کی تعلیم، ان کی صحت، رویوں اور مستقبل کی زندگی میں کامیابی کے لیے بنیاد تعمیر کرتے ہیں۔ روزمرہ کے پر لطف تجربات سے ایک بچے کا دماغ تشکیل پاتا ہے۔ ''آنند'' سرگرمیاں برائے بال واٹیکا میں درج مثالی سرگرمیوں کے خاکے (کل 92) اسی بات کی عکاسی کرتے ہیں۔

اس عمر میں بچوں کو سیکھنے میں تعاون کا بہتر طریقہ یہ ہے کہ ان کو کھیل کود پر مشتمل سرگرمیاں دی جائیں جو ان کی عمر اور ترقی کے معیار کے مطابق 'سادہ سے پیچیدہ کی طرف'، 'مانوس سے غیر مانوس کی طرف' اور 'ٹھوس مادی تجربات سے جامد خیال' کے طریقہ کار پر مبنی ہو۔ معلّمین اور بالغین کا کردار یہ ہے کہ وہ عمر اور افزائش کے مطابق مناسب کھیل کود پر مبنی سرگرمیاں اور تجربات فراہم کریں۔ یہ ورک شیٹس کے بعد حقیقی اور عملی تجربات ہوں گے۔ بامقصد منصوبہ بند طریقے سے تیار کردہ ورک شیٹس مختلف استعدادات کو سمجھنے میں بچوں کے لیے معاون ہوں گے اور ان کی بنیادی مہارتوں کو مستحکم کریں گی۔

جب سیکھنے کا عمل پر لطف ہو تو بچہ اچھی طرح سیکھتا ہے، چنانچہ بچوں کو کوئی بھی کام کرتے وقت آزادی اور لچک فراہم کرنا بہت اہم ہے۔ بال واٹیکا کے لیے بہتر انداز میں تیار کردہ مربوط ورک شیٹس بچوں کو مشق، مباحثوں اور کام کے ذریعے سیکھنے کا موقع فراہم کرتی ہیں۔ یہ معلّمین کے ذریعے چلائی جانے والی درسگاہ کے (ورک شیٹس کے استعمال سے قبل) ٹھوس مادی تجربات اور علاقائی اعتبار سے مہیا مواد اور فطری وسائل کے استعمال کو فروغ دیتی ہیں۔ یہ ورک شیٹس بچوں کو اپنی بصارتی یادداشتوں کو درس گاہ میں سیکھے گئے تصورات اور ماضی میں کیے گئے تجربات سے مربوط کرنے کا موقع فراہم کریں گی۔

یہ نمونے کی ورک شیٹس متنوع صلاحیتوں کے حامل بچوں کو پُر لطف انداز میں سیکھنے کے لیے مواقع فراہم کرتی ہیں تاکہ وہ گریڈ لیول کے نتائج دے سکیں۔ جیسا کہ قومی تعلیمی پالیسی 2020 میں مشورہ دیا گیا ہے، تعلیم صرف منتقل کرنے کے بجائے استعدادات پر مرکوز ہونی چاہیے۔ مستقل خواندگی اور اعداد شناسی کے ساتھ تنقیدی فکر، مسئلے کے حل، ترسیل کی مہارتوں، تخلیقیت، رحم دلی وغیرہ کے ذریعے نوخیز ذہن کی نشو و نما وقت کی اہم ضرورت ہے، اور اس وجہ سے تعلیمی و تدریسی مواد کی ترتیب میں ایک ترمیم شدہ طریقۂ کار کی ضرورت ہے۔ قومی درسیات کا خاکہ برائے اساسی سطح (NCF-FS 2022) نشو و نما کے تمام پہلوؤں کو ساتھ لے کر چلنے کو بڑی اہمیت دیتا ہے، اور اس وجہ سے ان تمام کی ہم آہنگی کو کلیدی حیثیت حاصل ہے۔ 'پنچ کوش' (جیسا کہ NCF-FS میں مذکور ہے) کو بچوں کے لیے علمی مشمولات اور تصاویر کی تیاری کرتے وقت مرکز میں رکھا گیا ہے، تاکہ جسمانی نشو و نما (اَن مے کوش)، زندگی کی توانائی (پران مے کوش)، جذباتی نشو و نما (منومے کوش)، ادراکی نشو و نما (وگیان مے کوش)، مسرت (آنند مے کوش)، سب کے سب ایک ہی وقت میں فروغ پا سکیں۔

یہ ورک شیٹس بچوں کو اسکول کے لیے تیار کریں گی اور اس بات کو یقینی بنائیں گی کہ وہ بنیادی زبان اور رسمی اسکولی نظام میں داخل ہونے کے لیے مطلوبہ ادراکی مہارتوں سے واقف ہو جائیں۔ اس عبوری مرحلے کی آسانی کے لیے ضروری ہے کہ بچے پہلے ہی وہ مہارتیں حاصل کر لیں جو ان کو عمر کے مطابق سرگرمیوں کو پورا کرنے میں معاون ہوں۔ یہ ورک شیٹس بچوں کو صحت مند اور محفوظ عادات کو پیدا کرنے اور اختیار کرنے، حسیات ادراکات کو فروغ دینے، صحت مند اور لچک دار جسم کی تشکیل، جذباتی ذہانت، منطقی فکر اور اظہار بذریعۂ فن کی تعمیر میں معاون ہوں گی۔

یہ ورک شیٹس بچوں کو لطیف حرکی مہارتوں اور منطقی فکر کو فروغ دینے اور از خود چیزوں کو سیکھنے میں معاون ہوں گے۔ یہ نمونے کی ورک شیٹس استعدادات پر مبنی ہیں (جیسا کہ این سی ایف-ایف ایس 2022 میں مذکور ہے)، اور ان میں سفارش کردہ خیالات و سوالات بھی ہیں جو معلم یا والدین بچے کی فہم کو پرکھنے کے لیے ان سے پوچھ سکتے ہیں۔

## ورک شیٹس کیسے استعمال کی جائیں (برائے معلّمین و بالغان)

- ورک شیٹس (جو تمام پانچ پہلوؤں کا احاطہ کرتی ہیں) برائے بال واٹیکا اس انداز میں مرتب کی گئی ہیں کہ ان کو استعمال کے لیے آسانی سے کاٹا جا سکتا ہے۔ ورک شیٹس کتاب سے الگ کر کے ایک فائل میں رکھی جا سکتی ہیں، جو بچوں کے کام کو پرکھنے کے لیے معلّمین / والدین کے لیے معاون ہوں گی۔ اس سے بچوں کو کام کرنے اور ورک شیٹس پر توجہ کرنے میں مدد ملے گی، اور دیگر ورک شیٹس سے ان کی توجہ منعطف نہیں ہو گی۔
- مختلف پہلوؤں کو مجموعی طور پر سیکھنے کو یقینی بنانے کے لیے مماثل ورک شیٹس بنائی جا سکتی ہیں۔
- ورک شیٹس کو بنیاد بنا کر معلّمین ان تصورات پر مزید مشقیں مرتب کر سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر اشیا کی تعداد کو کم کر کے یا شکلوں کو تبدیل کر کے کسی ورک شیٹ میں ترمیم کی جا سکتی ہے۔
- علاقائی وسائل و مواد کو استعمال کیجیے اور ورک شیٹ کو استعمال کرتے ہوئے، یا اس سے پہلے جہاں بھی ممکن ہو، فطرت کے تصورات کا تعارف پیش کیجیے۔ مثلاً: پتوں سے شکلیں بنانا، سوکھے پھولوں اور ٹہنیوں سے رنگولی بنانا، وغیرہ۔
- حقیقی / ٹھوس اشیا، کہانیوں اور اپنے علاقے کے اعتبار سے مثالوں کا استعمال کیجیے اور بچوں کی زندگی سے ان کو جوڑنے کے لیے سیاق میں رکھیے۔ مثال کے طور پر جانوروں پر دی گئی ورک شیٹ پر کام کرنے سے پہلے لوک کہانیوں، علاقائی گیتوں اور ترانوں کا اضافہ کر کے، بچوں کو ان کے گرد و پیش نظر آنے والے جانوروں یا ان کے گھر کے پالتو جانوروں وغیرہ کے بارے میں پوچھیے، تاکہ بچے اپنے ٹھوس مادی تجربات کو آموزشی عمل سے جوڑ سکیں۔
- یہ ورک شیٹس بچے کی کارکردگی کو سرگرمی کے آخر میں رسمی تلخیصی احتساب (Formal Summative Assessment) کے بجائے تشکیلی انداز میں پرکھنے (Fromative Assessment)، درس گاہ میں کارکردگی / یا مباحثے کے دوران بچوں کا مشاہدہ کرنے اور تعلیمی خلا کی تشخیص کر کے ان کی تلافی کرنے میں معلم کے لیے معاون ہیں۔

- تخلیقیت اور آزادی کی حوصلہ افزائی کیجیے، ورک شیٹس پر کام کرنے سے پہلے جستجو اور عملی تجربات کرنے دیجیے، بچوں کو تصورات کے ارد گرد اپنے ذاتی خیالات تعمیر کرنے دیجیے۔ ہر بچے کو ان کی اپنی رفتار کے مطابق کام کرنے دیجیے۔
- ایک تعاملی درس گاہ بنا کر سماجی جذباتی نشوونما کو فروغ دیجیے اور بچے سے بچے اور بچے سے معلم کے درمیان تعامل کو زیادہ سے زیادہ فروغ دیجیے۔
- بچوں کے لیے حوصلہ افزا اور دوستانہ الفاظ استعمال کیجیے، ان کو یہ محسوس کرائیے کہ ان کو دیکھا جاتا ہے اور ان کی بات سنی جاتی ہے، مثلاً: بچوں کے ذریعے بنائی گئی نقاشی یا کترن سے بنائی گئی تصویر (کولاژ) کو درس گاہ کی دیوار، بال واٹیکا کے راستے یا برآمدے میں چسپاں کیجیے، وغیرہ۔
- اس بات کو یقینی بنائیے کہ آپ کے پاس خصوصی انتظامات ہوں، مخصوص ضروریات کے حامل بچوں کے لیے ان ورک شیٹس کا ضرورت کے مطابق ترمیم شدہ ورژن بھی ہو۔ مثال کے طور پر اگر بچوں کو تحریر کے وسائل سنبھالنے میں مشکل ہو تو انھیں اسٹیمپ استعمال کرنے کی اجازت دیجیے، کمزور بینائی والے بچوں کے لیے آڈیو تشریح مہیا کیجیے، وغیرہ۔
- بچوں کی حوصلہ افزائی کیجیے کہ وہ اپنے سامان کو متعین جگہ پر رکھیں، تاکہ ان میں مثبت عادتیں پیدا ہو سکیں۔ ایک سرگرمی کو مکمل کر لینے کے بعد بچوں کو کہیے کہ وہ استعمال شدہ چیزوں (رنگ، برش، بلاک وغیرہ) کو واپس رکھیں۔
- ایک سرگرمی سے دوسری سرگرمی کی طرف منتقل ہوتے وقت کوئی گیت یا گانا دوہراتے رہیے، رقص اور اداکاری کو بھی شامل کیجیے، تاکہ جب بھی ممکن ہو باہمی تعاون اور جسم کی لچک دار حرکت کو یقینی بنایا جا سکے۔


یہاں پیش کردہ ورک شیٹس کا مقصد معلّمین / والدین کو کچھ نمونے مہیا کرنا ہے، یہ کسی بھی طرح مکمل / سفارش کردہ نصابی کتب کا بدل نہیں ہیں۔ یہ سوچنے اور بچوں کے حالات اور ضرورت کے مطابق حذف و اضافے کی گنجائش فراہم کرتے ہیں۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ گھر اور درس گاہ میں استعمال ہونے والے الفاظ کے درمیان ربط قائم کیا جائے اور ان ورک شیٹس پر کام کرتے ہوئے لطف اندوزی کا احساس پیدا ہونا چاہیے۔

❄ ❄ ❄

# ورک شیٹ کے ذریعے مدد


بچوں کے ساتھ ورک شیٹس پر کام کرنے کے دوران مدد کے لیے نیچے بعض ہدایات دی گئی ہیں جو معلّمین کے لیے ہیں۔ تاہم بچوں کی دل چسپی اور ضروریات کے مطابق ان میں تبدیلی ہو سکتی ہے۔ ہر ورک شیٹ میں مخصوص ڈیزائن /پیٹرن کا بارڈر دیا گیا ہے۔ جب بچے ورک شیٹ کو مکمل کر لیں تو بارڈر پر ڈیزائن کو مکمل کرنے کے لیے ان کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

### سرگرمی 1: میری تصویر کا فریم



بچوں کی حوصلہ افزائی کیجیے کہ وہ اپنے چہرے کے مختلف حصے بنائیں اور ان میں رنگ بھریں۔ بعد میں انھیں دیے گئے پیٹرن کے مطابق رنگین پینسل کی مدد سے اپنی تصویر کے فریم کو مکمل کرنے کے لیے کہیے۔

### سرگرمی 2: میرے بارے میں



بچوں کو اپنے اور اپنے کنبے کے بارے میں بات کرنے دیجیے۔ دیے گئے خانے میں ان کو اپنے کنبے کی تصویر چسپاں کرنے کو کہیے۔ اس کے بعد دیے گئے خانے میں بچوں کو اپنا پسندیدہ رنگ بھرنے، اور اپنی پسندیدہ شکل بنانے کی حوصلہ افزائی کیجیے۔ بچوں کو ایکشن کے ساتھ ''میں'' والی نظم گانے کو کہیے۔

### سرگرمی 3: خود کو سمجھیے




اس بات کو سمجھنے میں بچوں کی مدد کیجیے کہ وہ ایک کنبے کا حصہ ہیں اور یہ کہ ان کے کنبے میں ہر آدمی مختلف کردار ادا کرتا ہے۔ بچوں کے ساتھ اس بارے میں ایک مباحثہ منعقد کیجیے کہ اپنے کنبے کے اقدار وروایات کی پیروی کیسے کی جائے۔

### سرگرمی 4: میرا کنبہ اور میرے دوست



بچوں سے تصویر دیکھ کر اس کے بارے میں بات کرائیے۔ مثال کے طور پر ان سے اس طرح کے سوال کیجیے: ''تصویر میں کیا ہو رہا ہے؟'' جب بچے تصویر کو اچھی طرح دیکھ لیں تو انھیں اس کے بارے تفصیل سے بات کرنے کے لیے کہیے۔ تب ان سے متوقع سوالات کیجیے، مثلاً: ''کیا آپ بھی اپنے والدین کے ساتھ کسی کے گھر جاتے ہیں؟'' ''جب آپ کسی کے گھر جاتے ہیں تو ان کو کیسے سلام کرتے ہیں؟'' ''آپ کس کے گھر

سب سے زیادہ جانا پسند کرتے ہیں؟'' ''اگر کوئی آپ کو اپنا تعارف کرانے کو کہے تو آپ کیا بتائیں گے؟'' ''آپ کے خیال سے لڑکی مہمان کو کیا کہہ رہی ہے؟'' وغیرہ وغیرہ۔ آپ مختلف موضوعات پر اسی طرح کے تصویر خوانی کے پوسٹر تیار کرسکتے ہیں۔ تصویر خوانی کے بعد بچوں سے مہمانوں کی تعداد، تصویر میں موجود افراد کی کل تعداد پوچھیے اور انھیں کپڑوں کے ایک جیسے پیٹرن پہچاننے کو کہیے۔




### سرگرمی 5: ایک جیسی چیز کو تلاش کیجیے

بچوں کو ہر سطر کی چیزوں کی پہچان کرنے اور ان کے نام بتانے کو کہیے۔ پھر ان کو کہیے کہ وہ بائیں طرف کے خانے میں دی گئی تصویر سے ملتی جلتی تصویر تلاش کریں اور ان میں رنگ بھریں۔ بچوں کو کہیے کہ نقطے کے رنگ کو استعمال کرکے نقطے دار لکیروں پر قلم پھیریں۔



### سرگرمی 6: چڑیا کو مکمل کیجیے

ورک شیٹ میں ایک چڑیا کی تصویر ہے۔ بچوں سے نقطوں کو ملا کر تصویر مکمل کرنے اور اس میں رنگ بھرنے یا کاغذ پھاڑ کر چڑیا میں چسپاں کرنے کو کہیے۔ ان کو لفظ 'چڑیا' کی ابتدائی آواز (چ) نکالنے کے لیے کہیے اور ان کو اپنے آس پاس نظر آنے والی عام چڑیوں کے نام بتانے کو کہیے۔



### سرگرمی 7: میرے پانچ حواس

بچے کو ہر سطر کی چیزوں کو پہچاننے اور ان کو ان کو داہنے طرف کے خانے میں موجود حسی اعضا سے ملانے کو کہیے۔ بچے کی حسی اعضا کے بارے میں بات کرنے، اس سے متعلق گیت گانے کے لیے حوصلہ افزائی کیجیے۔



### سرگرمی 8: اپنی اور اسکول کی صفائی ستھرائی

اس بات کو سمجھنے میں بچے کی مدد کیجیے کہ اپنے آپ کو اور گرد و پیش کو صاف رکھنا ضروری ہے، تاکہ ہم جراثیم سے پاک رہیں اور ہمارے ارد گرد ہر چیز خوب صورت لگے۔ ان سے گفتگو کیجیے کہ کس طرح درس گاہ اور اسکول کی ہر چیز صاف ستھری اور منظم ہونی چاہیے۔ بچے کو جسم اور اسکول کی صفائی کے لیے استعمال ہونے والی مناسب اشیا کو اوپر دی گئی دو تصویروں سے ملانے کو کہیے۔

## سرگرمی 9: میرے آس پاس کے جانور اور چڑیاں



درس گاہ میں بچوں کے ساتھ اداکاری کرتے ہوئے نظم 'میں تو سو رہی تھی' گایئے۔ بچوں کو جانوروں اور چڑیوں کے نام اور آواز کو جوڑتے ہوئے نظم کو جاری رکھنے کی حوصلہ افزائی کیجیے۔ بچوں کو آسانی کے ساتھ مہیا مواد سے جانوروں / چڑیوں کے تشریحی کارڈ یا کٹھ پتلی بنانے میں مشغول کیجیے۔ انھیں جانوروں کے تشریحی کارڈ یا کٹھ پتلی کو استعمال کرتے ہوئے کہانی / نظم تخلیق کرنے کو کہیے۔

## سرگرمی 10: میں احساسات رکھتا / رکھتی ہوں



اس بات کو سمجھنے میں بچے کی مدد کیجیے کہ ہم سب کے پاس احساسات ہیں۔ مگر یہ سیکھنا اہم ہے کہ ان احساسات سے کیسے نمٹا جائے۔ پھر بچے کو کہیے احساسات کہ مماثل احساسات والے مناسب چہروں سے ملائیں۔ کچھ سرگرمیاں انجام دیجیے جو احساسات سے نمٹنے کا طریقہ سیکھنے میں ان کی مدد کر سکیں۔

## سرگرمی 11: صحت بخش غذا



صحت مند اور غیر صحت بخش غذائی عادات کے بارے میں گفتگو کیجیے۔ بچوں کو کھانے کی تمام اشیا کو پہچاننے اور ان کا نام بتانے پر ابھاریے۔ بچوں سے پوچھیے کہ وہ دن میں اکثر کیا کھاتے ہیں۔ پھر بچے کو ہر سطر میں صحت بخش غذا پر دائرہ بنانے کو کہیے۔

## سرگرمی 12: جانور جن کو میں جانتا ہوں





بچوں کو ان جانوروں کے بارے میں بات کرنے کو کہیے جن کو وہ جانتے ہیں اور جو ان کے آس پاس نظر آتے ہیں۔ بچے کو ہر جانور کو پہچان کر ان کا نام بتانے اور ان کی آواز نکالنے کو کہیے۔ پھر بچے کو کہیے کہ وہ ہر جانور پر اپنی شہادت کی انگلی رکھ کر اس کے نام کی ابتدائی آواز نکالے۔ ان سے کہیے کہ جانوروں کو پیلے رنگ کے نقطوں سے نشان زد کرنا شروع کریں، اور اس کی پیروی کرتے ہوئے لال رنگ کے نقطے پر ختم کریں۔ جب بچے ان نقطوں کو ملا رہے ہوں تو ان کو جانوروں کی غذا کو دیکھنے کے لیے کہیے اور ان کو سوچنے دیجیے کہ شیر کیا کھانا پسند کرتا ہے۔

## سرگرمی 13: بے جوڑ کو الگ کیجیے




بچے کو ہر سطر میں تصویروں کو پہچان کر ان کے نام بتانے کو کہیے اور ہر سطر میں بے جوڑ چیز پر دائرہ بنانے اور اس کے بعد نقطے دار خط کو نشان زد کرنے کو کہیے۔



## سرگرمی 14: بڑی اور چھوٹی چیز

بچے کو چھوٹی اور بڑی چیزوں کو پہچاننے اور نام بتانے دیجیے، جیسے بڑی اور چھوٹی چھتری اور گیند۔ اس کے بعد ان کے بڑی چیز میں لال رنگ اور چھوٹی چیز میں نیلا رنگ بھرنے کے لیے کہیے۔



## سرگرمی 15: شکلوں کو ملائیے

شکلوں کو پہچاننے اور ایک لکیر کھینچ کر ان کو ملانے کے لیے بچوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔ اس کے بعد ان کو کہیے کہ اپنے پسندیدہ رنگ کے کاغذ کو پھاڑ کر ان شکلوں میں چسپاں کریں۔




## سرگرمی 16: جانور جن کو میں جانتا ہوں

بچوں کو ان جانوروں کے بارے میں بات کرنے کو کہیے جن کو وہ جانتے ہیں اور جو ان کے آس پاس نظر آتے ہیں۔ بچے کو ہر جانور کو پہچان کر ان کا نام بتانے اور ان کی آواز نکالنے کو کہیے۔ پھر بچے کو کہیے کہ وہ ہر جانور پر اپنی شہادت کی انگلی رکھ کر اس کے نام کی ابتدائی آواز نکالے۔ ان کو کہیے کہ جانوروں کو پیلے رنگ کے نقطوں پر انگلی پھیر کر تیر کی پیروی کرتے ہوئے لال رنگ کے نقطے پر ختم کریں۔ جب بچے ان نقطوں کو ملا رہے ہوں تو ان کو جانوروں کی غذا کو دیکھنے کے لیے کہیے اور ان کو سوچنے دیجیے کہ شیر کیا کھانا پسند کرتا ہے۔





## سرگرمی 17: کام جو میں اسکول جانے سے پہلے کرتا ہوں

بچے کو تصویر دیکھنے اور صحیح ترتیب میں ان پر نمبر لگانے کے لیے کہیے۔ ان کو ہر تصویر میں ہونے والے کام کی وضاحت کرنے کو کہیے۔ ان کو کہیے کہ آخری خانے میں اپنے اسکول کا نقشہ بنائیں۔ آپ بچوں کو تصویریں کاٹ کر صحیح ترتیب میں رکھنے اور اس ترتیب کی وضاحت کرنے کو کہہ سکتے ہیں۔



## سرگرمی 18: میری پسندیدہ غذا

اداکاری کے ساتھ گیت گانے میں بچوں کی مدد کیجیے۔ ان کے پسندیدہ کھانے کے بارے میں بات کیجیے اور اس کو ورک شیٹ 18 اور 19 میں 'صحت بخش غذا' پر انجام دی گئی سرگرمی سے جوڑیے۔ ان سے بات کیجیے کہ کس طرح پودے ہماری مدد کرتے ہیں، ہم پودوں سے کس طرح کے کھانے حاصل کرتے ہیں، وغیرہ وغیرہ۔



## سرگرمی 19: شکلوں میں رنگ بھریے

بچوں کو ورک شیٹ کی وضاحت کیجیے۔ ان کو شکلوں کو پہچاننے اور نام بتانے اور شکلوں میں رنگ بھرنے کے لیے کہیے جیسا کہ ہدایات میں مذکور ہے: تمام مثلثوں میں پیلا، مربعوں میں ہرا اور دائروں میں نیلا رنگ بھروائیے۔




سرگرمی 20: محفوظ رہیے

محفوظ اور غیر محفوظ حالات کو سمجھنے میں بچوں کی مدد کیجیے اور ان کو بتائیے کہ اس طرح کے حالات میں انھیں کیا کرنا چاہیے۔ دھیان رہے کہ ان کو ڈرانا نہیں ہے۔ ہر بچے کو محسوس کرائیے کہ وہ خاص ہیں اور ان کو سمجھائیے کہ محفوظ محسوس کرنا ان کا حق ہے۔ ان کو یہ بھی بتائیے کہ وہ کیسے خود کو محفوظ رکھ سکتے ہیں۔ ان کو مختلف ہیلپ لائن نمبر یاد کرائیے۔ اس ورک شیٹ میں ان کو تصویر دیکھ کر محفوظ صورتوں پر اور غیر محفوظ نشان لگانے کو کہیے۔




سرگرمی 21: فرق تلاش کیجیے اور ان پر دائرہ بنائیے

بچہ دونوں تصویروں پر غور کرے۔ دونوں تصویروں کے درمیان بچوں سے فرق تلاش کروائیے اور ان پر دائرہ بنوائیے۔ آپ بچوں کے لیے مختلف موضوعات پر اسی طرح کے خاکے تیار کر سکتے ہیں۔




سرگرمی 22: پیٹرن کو سمجھیے اور رنگ بھریے

بچوں کو پیٹرن دکھائیے اور ان میں رنگ بھروائیے۔ ان کو کہیے کہ وہ اس پیٹرن کو بیان کریں، مثلاً، سیب - کیلا، سیب - کیلا اور پھر سیب وغیرہ۔



سرگرمی 23: شکلوں کی مدد سے تخلیق کیجیے

ورک شیٹ کے اوپری حصے پر کچھ شکلیں بنی ہیں۔ بچوں کو ان شکلوں کو استعمال کرکے دوسری شکلیں، ڈیزائن اور پیٹرن بنانے کو کہیے۔ بعد میں ان کو اپنے پیٹرن اور ڈیزائن میں رنگ بھرنے کو کہیے۔




سرگرمی 24: میرے تخلیقی دائرے

اس ورک شیٹ میں چھ دائروں کی بیرونی لکیریں ہیں، اور بچوں کو کہا جاتا ہے کہ وہ دیے گئے دائروں سے اپنے پسند کی کوئی چیز بنائیں۔ ایک دائرہ نمونے کے طور پر پیش کیا گیا ہے۔



سرگرمی 25: میرے کھلونے (Picture Reading)


بچوں کو تصویر دکھا کر اس کے بارے میں بات کرائیے۔ آپ تصویر پر ایک کہانی تشکیل دے سکتے ہیں۔ بچوں کو ان کھلونوں کو پہچان کر ان کے نام بتانے، ان کو گننے اور ان کھلونوں کے نام بتانے کو کہیے جن سے وہ کھیلتے ہیں، وغیرہ۔ ان کو مفت کے مواد یا ایسے مواد استعمال کرکے کھلونے بنانے کو کہیے جو ان کے آس پاس فطرت میں آسانی سے مہیا ہوں۔



## سرگرمی 26: میرا کولاژ

بچوں سے پرانے اخبارات / رسالوں سے حفظانِ صحت اور صفائی سے متعلق تصویریں بنوائیے۔ قینچی بچوں والی ہونی چاہیے۔ دیے گئے خانے میں ان کو کولاژ کے طور پر چسپاں کرائیے۔ بچوں سے کہیے کہ وہ کولاژ کی تصویر کے بارے میں اپنے طریقے سے کچھ سطریں لکھیں۔

## سرگرمی 27: میرے آس پاس کے جانور اور چڑیاں



کلاس روم میں بچوں کے ساتھ اداکاری کر کے نظم 'چیں–چیں، چڑیا کہتی ہے' گائیے۔ بچوں کو جانوروں اور چڑیوں کے نام اور آوازیں جوڑ کر گیت کو آگے بڑھانے کو کہیے۔ بچوں کو آسانی سے مہیا مواد سے جانور / چڑیا کے تشریحی کارڈ یا کٹھ پتلی بنانے میں مصروف کیجیے، جانوروں کے تشریحی کارڈ یا کٹھ پتلیوں کو استعمال کر کے ان سے کہانی / گیت بنانے کو کہیے۔

## سرگرمی 28: ہم قافیہ الفاظ کو ملائیے




بچوں کو تصویر پر غور کر کے ان کا نام بتانے اور لکیریں کھینچ کر ہم قافیہ ناموں والی تصویروں کو ملانے کے لیے کہیے۔

## سرگرمی 29: ہم قافیہ الفاظ



بچوں کو تصویریں دیکھ ان کے نام بتانے کو کہیے، اور وضاحت کیجیے کہ ان کے نام کس طرح ایک دوسرے کے ساتھ ہم قافیہ ہیں؛ پھل–نل، جگ–ٹب، وغیرہ۔ ان سے کہیے کہ اگر تصویروں کے نام ہم قافیہ ہوں، تو خوش چہرے میں رنگ بھریں اور اگر وہ ہم قافیہ نہ ہوں، تو اداس چہرے میں رنگ بھریں۔

## سرگرمی 30: چیزوں کو گننا (1 تا 10 اعداد)



بچوں سے کہیے کہ چیزوں کو دیکھ کر ان کو گنیں، اور خانے میں بتائے گئے طریقے کے مطابق تعداد پر دائرے بنائیں، مثلاً: '10 روٹی پر دائرہ بنائیں'، تب بچے سے امید ہے کہ وہ صرف 10 روٹیوں پر دائرہ بنائیں گے، اور اسی طرح یہ سرگرمی جاری رہے گی۔

## سرگرمی 31: بھول بھلیاں




بچوں سے کہیے کہ وہ بھول بھلیاں پر اپنی شہادت کی انگلی سے نشان بنائیں اور گائے کو باڑے میں لے جانے میں سیا کی مدد کریں۔ پھر ان سے کہیے کہ ایک گہرے رنگ کی پنسل استعمال کر کے بھول بھلیاں میں لکیر کھینچ کر گائے کو باڑے میں لے جانے میں سیا کی مدد کریں۔

### سرگرمی 32: سب سے بڑا اور سب سے چھوٹا




بچوں کو کہیے کہ وہ لال رنگ کے کاغذ کو پھاڑ کر سب سے بڑی چیز اور پیلے رنگ کے کاغذ کو پھاڑ کر سب سے چھوٹی چیز میں چسپاں کریں۔

### سرگرمی 33: پیٹرن سمجھیے



بچوں کو پیٹرن دکھائیے، ان کی وضاحت کیجیے اور دی گئی جگہ میں اس پیٹرن کو آگے بڑھائیں۔

### سرگرمیاں 34 اور 35: صحیح عدد کی سمت میں خط کھینچیے



بچوں سے کہیے کہ وہ اپنی انگلی پھیر کر گنتی اور مشق کریں، اس کے بعد دی گئی جگہ پر ایک لکیر کھینچ کر دائرے کے صحیح عدد سے ملانے کے لیے کہیے۔

### سرگرمی 36: اِلّی (Caterpillar) کو مکمل کیجیے



بچوں سے کہیے کہ (جیسا کہ خانے میں دیا گیا ہے اس کے مطابق) ہر سطر میں اِلّی (Caterpillar) کو مکمل کرنے کے لیے دائرہ بنائیں۔ آپ انھیں مماثل ورک شیٹ دے سکتے ہیں، جیسے ریل میں بتائی گئی تعداد میں ڈبے جوڑیں، وغیرہ۔

### سرگرمی 37: شیر اور چوہا



کہانی کارڈ دکھا کر بچوں کے سامنے کہانی بیان کیجیے۔ ان سے سوال کیجیے، جیسے: کہانی کس کے بارے میں ہے؟ کہانی کہاں واقع ہوئی؟ کہانی میں مسئلہ کیا تھا؟ تصویروں میں آپ کو کون سے جانور نظر آرہے ہیں؟ آپ کو کہانی میں کیا پسند آیا؟ کیا آپ کہانی کو کوئی دوسرا عنوان دے سکتے ہیں؟ پھر ان سے کہیے کہ وہ نقطے دار خط سے کہانی کارڈ کو (بچوں والی قینچی استعمال کرکے) کاٹیں اور مناسب ترتیب میں رکھیں، اور کہانی اپنے الفاظ میں بیان کریں۔

### سرگرمی 38: شکاری اور کبوتر



بچوں سے کہانی کارڈ پڑھوائیے اور گفتگو کیجیے: کہانی کس کے بارے میں ہے؟ کہانی کہاں واقع ہوئی؟ کہانی میں مسئلہ کیا تھا؟ چڑیوں نے پھندے سے نکلنے کے لیے کیا کیا؟ کہانی کارڈ میں کون سی چڑیاں دکھائی گئی ہیں؟ اپنے علاقے میں آپ کو جو چڑیاں نظر آتی ہیں ان کے نام بتائیے، وغیرہ۔


پھر بچوں سے ہر کہانی کارڈ میں کبوتروں کی تعداد گنوائیے۔ بچوں سے نقطے دار لکیر سے (بچوں والی قینچی استعمال کرکے) کہانی کارڈ کو کاٹنے اور ان کو مناسب ترتیب میں رکھ کر اپنے الفاظ میں کہانی بیان کرنے کو کہیے۔ پھر بچوں کو مشہور گیت 'ایک چڑیا، انیک چڑیاں سے' متعارف کرایا جا سکتا ہے۔

## سرگرمی 39: درست سائز



بچوں کو تصویر کی پہچان کرائیے اور ان سے کہیے کہ ان کے سائز کے مطابق ان پر 'بڑی'، 'درمیانی' اور 'چھوٹی' کا نشان لگائیں۔ آپ دی گئی تصویروں پر ایک کہانی بنا سکتے ہیں یا بچوں سے ایسی کہانی بنوا سکتے ہیں جس میں وہ ریاضی کے الفاظ استعمال کریں، جیسے بڑی، اس سے بڑی اور سب سے بڑی یا چھوٹی، اس سے چھوٹی، سب سے چھوٹی۔ پھر بچوں والی قینچی استعمال کرکے بچوں سے نقطے دار لکیر سے تصویریں کٹوائیے اور مناسب جگہ پر چسپاں کروائیے۔ مثلاً: درمیانی پیالے کو درمیانی گڑیا سے نیچے چسپاں کیا جانا چاہیے وغیرہ۔

## سرگرمی 40: بڑی اور چھوٹی



بچوں سے کہیے کہ (پرانے اخبارات / رسالے سے کاٹ کر) دی گئی خالی جگہ میں بڑی اور چھوٹی سائز کی شکلوں کو چسپاں کریں۔

## سرگرمی 41: لال قلعہ



یوم آزادی– ہمارے قومی تہوار اور اس کی اہمیت کے بارے میں بات کیجیے۔ بچوں سے کہیے کہ قومی جھنڈے اور لال قلعے میں رنگ بھریں۔

## سرگرمی 42: دوسروں سے ہمدردی



اجتماعی سرگرمی کے وقت ایک مباحثہ منعقد کرائیے اور بات کیجیے کہ ہمیں کس طرح ہمیشہ جانوروں سے ہمدردانہ سلوک کرنا چاہیے۔ ہمیں اپنے کاموں میں لازمانرم ہونا چاہیے۔ بچوں سے اداکاری کے ساتھ نظم گانے کے لیے کہیے۔ بلند آواز میں جانوروں پر ایک کہانی پڑھیے۔ کاغذ موڑ کو بچوں کی ایک 'مچھلی' بنانے میں مدد کیجیے اور ان سے کہیے کہ دی گئی جگہ میں مچھلی کو چسپاں کریں۔ وہ مچھلی کی تصویر بھی بنا سکتے ہیں۔

## سرگرمی 43: صحت بخش غذائیں




صحت بخش اور غیر صحت بخش غذاؤں کی عادتوں پر گفتگو کیجیے۔ بچوں سے ہر کھانے کی چیز کو پہچان کر نام بتانے کے لیے کہیے۔ بچوں سے پوچھیے کہ وہ دن میں اکثر کیا کھاتے ہیں۔ پھر بچوں سے کہیے کہ ہر سطر میں صحت بخش غذاؤں پر دائرہ بنائیں۔

## سرگرمیاں 44 اور 45: کھیل کے میدان میں(Picture Reading)



بچے کو کھیل کے میدان کی تصویر دکھائیے اور اس بارے میں بات کیجیے کہ اس میں کیا ہو رہا ہے۔ ان سے تخلیقی اور تنقیدی سوچ والے سوال کیجیے، کچھ مثالیں ورک شیٹ میں دی گئی ہیں۔ بچوں کو قریب کے پارک میں لے جائیے اور ان کو آزادانہ طور پر میدانی کھیل سے لطف اندوز ہونے دیجیے۔ انھیں گرے ہوئے پتے، ٹہنیاں اور پھول وغیرہ چننے، ترتیب میں رکھنے اور پیٹرن بنانے کے لیے کہیے، پھر ان سرگرمیوں کو کلاس میں بتانے کو کہیے۔ بعد میں بچوں سے جمع کردہ چیزوں کو استعمال کر کے کولاژ بنانے اور پتے اور پھولوں وغیرہ کی پرنٹنگ کرنے کے لیے کہیے۔

## سرگرمی 46: میرے دس غبارے




مینا اور روی کے بارے میں ایک کہانی بنائیے۔ انھیں بتائیے کہ کس طرح ایک بار انھوں نے رنگین غباروں سے کھیلنا چاہا۔ بچوں سے کہیے کہ کہانی کو آگے بڑھائیں اور اس کو کوئی عنوان دیں۔ پھر ان سے کہیے کہ غبارے کو گنیں، ان میں رنگ بھریں، اور پھر ہر غبارے سے ایک دھاگا کھینچیں، اور غباروں کے پہلے گچھے کو مینا کے ہاتھ سے ملا دیں اور دوسرے گچھے کو روی کے ہاتھ سے۔ آخر میں ان سے غباروں کی کل تعداد گننے اور دیے گئے خانے میں لکھنے کے لیے کہیے۔

## سرگرمی 47: گنیے اور رنگ بھریے




بچوں سے کہیے کہ ریل کے ڈبوں کو گنیں اور ہر عدد کے رنگ سے ان میں رنگ بھریں۔ گنتی پر کوئی گیت گائیں۔ بچوں سے خالی ماچس کا ڈبہ یا کھانے کا ڈبہ (یا کوئی بھی چیز جو آسانی سے مفت مل جائے) جمع کرنے کے لیے کہیے، ان کو ملا کر ایک چھوٹی ریل بنانے میں ان کی رہنمائی کیجیے۔ اجتماعی کام کرتے ہوئے بچوں پر غور کیجیے کہ وہ کس طرح ایک دوسرے سے بات کرتے ہیں اور اپنی چیزیں بانٹتے ہیں۔ اس بارے میں بات کیجیے —
کیا آپ نے کبھی ریل کا سفر کیا ہے؟ آپ کہاں گئے تھے؟ آپ نے سفر کے اور کون سے ذرائع دیکھے ہیں؟
کیا آپ کو سفر کرنے میں مزا آتا ہے؟ وغیرہ۔

## سرگرمی 48: میں خود کو صاف ستھرا رکھتا ہوں





